رجسٹرڈ نمبر
ایل ۵۲۵۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم
ٹیلیفون: ۴۴۹
اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۔ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر: مسعود احمد دہلوی

جلد ۷۱ / ۳۶ | ہفتہ ۱۲ محرم الحرام ۱۴۰۳ ہجری، ۳۰ اخاء ۱۳۶۱ ہش، ۳۰ اکتوبر ۱۹۸۲ء | نمبر ۲۴۲

اخبارِ احمدیہ

ربوہ: ۲۷ اخاء / اکتوبر: حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت بلڈ پریشر بڑھنے اور متلی کی وجہ سے ناساز ہے۔ عام طبیعت قدرے بہتر ہے۔ احباب کرام خاص توجہ اور دلی التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص الخاص فضل و کرم سے حضرت سیدہ موصوفہ کے بابرکت شعائر اللہ وجود کو اپنی رحمتوں سے نوازے آپ کو شفائے کاملہ عطا کرے اور اپنے فضلوں سے معمور طویل زندگی عطا کرے آمین۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ارشاداتِ سیدنا حضرت اقدس

جن لوگوں کے نازک پیر ہیں وہ کیوں میرے ساتھ مصیبت اٹھاتے ہیں

مجھے کیا معلوم ہے کہ ابھی کون کون سے ہولناک اور پُرخار بادیہ درپیش ہیں

"میں اس جگہ اس بات کا اظہار بھی مناسب سمجھتا ہوں کہ جسقدر لوگ میرے سلسلہ بیعت میں داخل ہیں وہ سب کے سب ابھی اس بات کے لائق نہیں کہ میں ان کی نسبت کوئی عمدہ رائے ظاہر کر سکوں بلکہ بعض خشک ٹہنیوں کی طرح نظر آتے ہیں جن کو میرا خداوند جو میرا متولی ہے مجھ سے کاٹ کر جلنے والی لکڑیوں میں پھینک دے گا۔ بعض ایسے بھی ہیں کہ اوّل ان میں دلسوزی اور اخلاص بھی تھا۔ مگر اب ان پر سخت قبض وارد ہے اور اخلاص کی سرگرمی اور مریدانہ محبت کی نورانیت باقی نہیں رہی ..... وہ تھک گئے اور درماندہ ہو گئے اور نابکار دنیا نے اپنے دام تزویر کے نیچے انہیں دبا لیا۔ سو میں سچ کہتا ہوں کہ وہ عنقریب مجھ سے کاٹ دیئے جائیں گے۔ بجز اس شخص کے کہ خدا تعالیٰ کا فضل نئے سرے سے اس کا ہاتھ پکڑ لیوے۔ ایسے بھی بہت ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے ہمیشہ کے لیے مجھے دیا ہے اور وہ میرے درختِ وجود کی سرسبز شاخیں ہیں۔"

(فتح اسلام صفحہ ۴۰)

"پس اگر کوئی میرے قدم پر چلنا نہیں چاہتا تو مجھ سے الگ ہو جائے مجھے کیا معلوم ہے کہ ابھی کون کون سے ہولناک اور پُرخار بادیہ درپیش ہیں۔ جن کو میں نے طے کرنا ہے۔ پس جن لوگوں کے نازک پیر ہیں وہ کیوں میرے ساتھ مصیبت اٹھاتے ہیں۔ جو میرے ہیں وہ مجھ سے جدا نہیں ہو سکتے نہ مصیبت سے نہ لوگوں کے سب و شتم سے نہ آسمانی ابتلاؤں اور آزمائشوں سے اور جو میرے نہیں وہ عبث دوستی کا دم مارتے ہیں کیونکہ وہ عنقریب الگ کئے جائیں گے اور ان کا پچھلا حال ان کے پہلے سے بدتر ہوگا۔ کیا ہم زلزلوں سے ڈر سکتے ہیں؟ کیا ہم خدا تعالیٰ کی راہ میں ابتلاؤں سے خوفناک ہو جائیں گے؟ کیا ہم اپنے پیارے خدا کی کسی آزمائش سے جدا ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں ہو سکتے۔ مگر محض اس کے فضل اور رحمت سے پس جو جدا ہونے والے ہیں جدا ہو جائیں ان کو وداع کا سلام۔ لیکن یاد رکھیں کہ بدظنی اور قطع تعلق کے بعد اگر پھر کسی وقت جھکیں تو اس کے جھکنے کی عنداللہ ایسی عزت نہیں ہوگی جو وفادار لوگ عزت پاتے ہیں۔ کیونکہ بدظنی اور غداری کا داغ بہت ہی بڑا داغ ہے۔"

(انوار الاسلام صفحہ ۲۳)

مسجد بشارت سپین کے افتتاح پر سیرالیون میں مسرت کی لہر

سیرالیون سے ہمارے امیر و مشنری انچارج مولانا محمد صدیق صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ:-

مسجد بشارت کے افتتاح کی تقریب اور اس میں سیرالیون کے وفد کی شمولیت کی خبر ریڈیو اور ٹی وی سیرالیون پر انگریزی اور دوسری لوکل زبانوں میں نشر ہوئی۔ مسجد کے افتتاح کی تقریب میں شمولیت کے لیے وفد سات ستمبر کو روانہ ہوا وفد الحاج کمانڈا بونگے اور مسٹر ایم۔ پی۔ باجول پر مشتمل تھا۔

اس خبر کے نشر ہونے پر مسلمان حلقوں میں نہایت درجہ مسرت کا اظہار کیا گیا۔ الحاج جبریل سیسے جو یہاں مسلمانوں کے لیڈر ہیں اور قاہرہ میں سیرالیون کے سفیر بھی رہ چکے ہیں۔ انہوں نے خبر سنتے ہی الحاج بونگے کو خط لکھا کہ میری طرف سے مبارکباد قبول کریں۔ جماعت احمدیہ نے سپین میں مسجد تعمیر کر کے ایک نہایت قابلِ قدر کارنامہ سرانجام دیا ہے۔

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی اور تزکیہ نفس کرتی ہے

جرمن اور فرنچ زبان کی کلاس

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد کی تعمیل میں کہ احمدی افراد خصوصاً طلباء کو زیادہ سے زیادہ زبانیں سیکھنی چاہئیں۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے شعبہ امورِ طلباء کے زیرِ اہتمام مورخہ یکم نومبر ۱۹۸۲ء شام ۴ بجے دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ میں جرمن اور فرنچ زبان کی کلاسیں شروع کی جا رہی ہیں جرمن زبان مکرم ملک منصور احمد صاحب عمر سابق مبلغ جرمنی اور فرنچ زبان مکرم طارق احمد طارق صاحب مربی سلسلہ پڑھائیں گے۔

احباب اور خصوصاً طلباء حضور ایدہ اللہ کے ارشاد پر عمل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں شامل ہوں۔ خواہشمند احباب اپنے نام معتمد صاحب مرکزیہ کو لکھوا دیں۔ جرمن زبان کی کلاس کمیٹی روم میں اور فرنچ کی کلاس لائبریری روم۔ دفتر خدام الاحمدیہ مرکزیہ ایوان محمود میں ہوگی۔ (صدر۔ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۱۲ محرم الحرام ۱۴۰۳ھ

۲۷ اخاء ۱۳۶۱ ہش

تائید و نصرتِ الٰہی کا مورد بننے اور فتحیاب ہونے کا

انتہائی کارگر نسخہ

خدائی جماعتوں کو جنہیں اللہ تعالیٰ اپنے ماموروں کے ذریعہ حق کو دنیا میں غالب کرنے کی غرض سے قائم فرماتا ہے انتہائی مشکل اور نامساعد حالات میں سے گزرنا پڑتا ہے۔ حق کے مخالف جنہیں اپنی عددی اکثریت اور قوت و طاقت پر ناز ہوتا ہے ان جماعتوں کے راستہ میں روڑے اٹکانے اور انہیں اذیتیں پہنچانے پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ ان کی ہستی کو ہی کالعدم کرنے پر اُدھار کھائے بیٹھے ہوتے ہیں۔ لیکن خدائی جماعتیں اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہوتی ہیں۔ وہ ان کے مخالفوں کو ان کے منصوبوں میں کبھی کامیاب نہیں ہونے دیتا۔

خدائی جماعتوں کو تکالیف اٹھانی اور مصائب تو ضرور برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ لیکن ان مشکلات و مصائب میں سے گزرنے کے باوجود ان کا قدم ہر آن ترقی کی طرف بڑھ رہا ہوتا ہے اور غلبۂ حق کی منزل کے وہ دن بدن قریب سے قریب تر ہو رہی ہوتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ قدم قدم پر انہیں اپنی تائید و نصرت سے نوازتا ہوتا ہے اور اس امر کا مسلسل ثبوت دے رہا ہوتا ہے کہ وہ اپنے ان کمزور اور بے چارہ و بے بس مظلوم بندوں کے ساتھ ہے۔

یہ ثبوت اُس تائید و نصرت کی شکل میں دنیا کے سامنے آتا ہے جس سے خدا تعالیٰ اپنی ان جماعتوں کو نواز رہا ہوتا ہے۔ اُس نے جب اس دنیا میں لوگوں کی ہدایت کی غرض سے اپنے مامور مبعوث کرنا شروع کئے تو ساتھ ہی یہ اعلان بھی کیا کہ وہ انہیں اور ان لوگوں کو جو ان پر ایمان لائیں گے اپنی تائید و نصرت سے ضرور نوازے گا اور وہ انتہائی نامساعد اور صبر آزما حالات میں بھی اُس کی تائید و نصرت کے بل پر ہی غلبۂ حق کے مقصد میں کامیاب ہوں گے۔ چنانچہ اُس نے یہ اعلان فرمایا:۔

اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ ۝ (المومن آیت ۵۲)

ترجمہ:۔ ہم اپنے رسولوں کی اور ان پر ایمان لانے والوں کی اس دنیا میں بھی ضرور مدد کریں گے اور اُس دن بھی جبکہ گواہ کھڑے ہوں گے۔

اس کے بالمقابل اللہ تعالیٰ نے ماموریں الٰہی اور ان پر ایمان لانے والوں پر ظلم ڈھانے اور اپنی ظالمانہ روش سے کسی صورت باز نہ آنے والوں کے انجام کا بھی ذکر کیا چنانچہ اگلی ہی آیت میں فرمایا:۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۝ (المومن آیت ۵۳)

ترجمہ:۔ اُس دن (یعنی آخری فیصلہ کے دن) ظلم روا رکھنے والوں کو ان کا عذر کوئی نفع نہیں دے گا اور ان کے لئے خدا سے دوری مقدر کر دی جائے گی۔ اور انہیں بُرا گھر (رہنے کو) ملے گا۔

اللہ تعالیٰ نے (ماموریں الٰہی اور ان کے متبعین کی مدد کرنے اور انہیں اپنی تائید و نصرت سے نوازنے اور اس کے بالمقابل ان کے اندھے مخالفوں کے بُرے انجام سے دوچار ہونے سے متعلق) اپنی اس قدیم سنت کو قرآن مجید میں ذکر کر کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ پر ایمان لانے والے کمزور اور بے بضاعت مسلمانوں کو یہ تسلی دی کہ اپنی کمزوری اور بے بضاعتی کی وجہ سے انسانیت سوز مظالم کا تختۂ مشق بننے کے باوجود خدائی نصرت کے بل پر بالآخر غالب وہی آئیں گے اور اسلام جسے کفارِ مکہ ظلم کا بازار گرم کر کے مٹانے کے درپے ہیں۔ دنیا میں پھیل کر رہے گا۔ لیکن ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی وساطت مسلمانوں کو یہ حکم بھی دیا کہ اگر وہ اس کی تائید و نصرت کے مورد بننا چاہتے ہیں تو ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ صبر کا نہایت اعلیٰ نمونہ پیش کریں، بکثرت استغفار کیا کریں اور دن اور رات اُس کی تسبیح کرنے میں مشغول رہا کریں۔ اسی لئے ساتھ ہی فرمایا:۔

فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝ (المومن آیت ۵۶)

ترجمہ:۔ پس (اے مخاطب!) تُو (کفارِ مکہ کے ان مظالم پر) صبر سے کام لے (فتح اور غلبہ سے متعلق) اللہ کا وعدہ ضرور پورا ہو کر رہے گا۔ اور جو تیرے گناہ لوگوں نے کئے ہیں ان کی بھی ان کے حق میں بخشش مانگتا رہ۔ اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ ساتھ شام اور صبح اُس کی تسبیح بھی کرتا رہا کر۔

ان آیات سے ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کو ان کے مخالفوں کے مقابلہ میں اپنی تائید و نصرت سے تو ضرور نوازتا اور انہی کے ذریعہ سے حق کو بہر حال غلبہ عطا کرتا ہے لیکن مومنوں کا یہ فرض ہے کہ وہ مخالفوں کے ظلم و ستم پر صبر کا نہایت اعلیٰ نمونہ دکھائیں، خود ظلم کرنے والوں کے لیے اللہ تعالیٰ سے اُس کے رحم کے طالب ہوں اور صبح و شام اپنے رب کی حمد کے ساتھ ساتھ اُس کی تسبیح میں مشغول رہیں۔

طاقتور مخالفوں کے مقابلہ میں تائید و نصرتِ الٰہی کا مورد بننے اور فتحیاب ہونے کا یہ وہ کارگر نسخہ ہے جو کبھی خطا نہیں جا سکتا بشرطیکہ اس پر کما حقہٗ عمل کیا جائے ہمارے لیے اس میں بہت بڑا سبق مضمر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس انتہائی سریع التاثیر اور کارگر نسخہ پر پورا پورا عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

چمن میں آیا ہے محمود پھر وہ جانِ چمن

کلی کلی پہ غضب کا نکھار آیا ہے
زہے نصیب وہ جانِ بہار آیا ہے

دلوں کے شہر کا ہر ذرّہ جگمگا اٹھا
خوشا کہ نور فشاں شہریار آیا ہے

دیارِ غرب کی بکھری سی منتشر زلفیں
خدا کے فضل و کرم سے سنوار آیا ہے

پیام دے کے وہ حق کا صلیب والوں کو
بصد نشاطِ وفا۔ کامگار آیا ہے

خدا ہے ایک، محمدؐ ہے اُس کا خاص نبی
دیارِ غرب میں ہر سُو پکار آیا ہے

چڑھا جو شمس مغرب میں آج شرق میں بھی
بہ مثلِ نیّرِ نصف النہار آیا ہے

نویدِ دینِ محمدؐ بہ صد خلوص و وفا
سُنا کے غرب میں، وہ ذی وقار آیا ہے

بہ یادِ سطوتِ پارینۂ مسلماناں
بہ قلبِ زار و حزین و فگار آیا ہے

زمینِ پیدرو آباد پھر سے ہے رقصاں
کہ ذرّے ذرّے پہ اُسکے نکھار آیا ہے

وہ قرطبہ کہ تھا صدیوں سے وقفِ جورِ خزاں
اُسے وہ دے کے پیامِ بہار آیا ہے

زہے نصیب! کہ جاگے نصیب اندلس کے
کہ اس میں حضرتِ مہدی کا پیار آیا ہے

اذاں نشر ہوئی پھر نواحِ قرطبہ میں
بہ روحِ طارق و موسیٰ قرار آیا ہے

چمن میں آیا ہے محمود پھر وہ جانِ چمن
کلی کلی پہ غضب کا نکھار آیا ہے

(مرزا مسعود احمد۔ دارالصدر غربی۔ ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ازدیادِ ایمان کا مؤثر ذریعہ

جلسہ سالانہ

مکرم فضل احمد صاحب شاہد
مربی میرا بھڑکا۔ آزاد کشمیر

ہمارا جلسہ سالانہ جو ہزاروں برکات اپنے دامن میں رکھتا ہے قریب سے قریب تر آرہا ہے۔ اس جلسہ کی غرض وغایت پر روشنی ڈالتے ہوئے حضرت اقدس ..... فرماتے ہیں:۔

"اس جلسہ میں ایسے حقائق اور معارف کے سنانے کا شغل رہے گا۔ جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کے لیے ضروری ہیں"

(آسمانی فیصلہ صفحہ ۴۲)

گویا اس جلسہ کی ایک غرض ترقیٔ ایمان ہے۔ ایمان کے کئی مراتب ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے افراد جماعت احمدیہ کو ایمان کی دولت نصیب ہے اور انہوں نے ایک منادی کرنے والے کی آواز کو سن کر بیعت کی جس کے نتیجہ میں ان کا ایمان ترقی بھی کر رہا ہے۔ لیکن ایمان کی حفاظت۔ اس کی دائمی بقاء اور ترقی کے لیے ابھی مجاہدات کی ضرورت ہے۔ حضرت مصلح موعود جماعت کے ایمان کو کس قدر مضبوط اور محکم دیکھنا چاہتے تھے اس کا اندازہ آپ کے اس ارشاد سے واضح ہے فرماتے ہیں:۔

"تمہارا ایمان تو ایسا ہونا چاہیے کہ اگر دس کروڑ بادشاہ بھی آکر کہیں کہ ہم تمہارے لیے اپنی بادشاہتیں چھوڑنے کے لیے تیار ہیں تم صرف ایک بات مان لو جو اسلام کے خلاف ہے تو تم ان دس کروڑ بادشاہوں سے کہہ دو کہ تف ہے تمہاری اس حرکت پر میں تو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بات کے مقابلہ میں تمہاری اور تمہارے باپ دادا کی بادشاہتوں کو جوتی پر بھی نہیں مارتا۔

(الفضل ۳ رجون ۱۹۴۲ء)

سیدنا حضرت اقدس ..... اس ایمان کے حصول کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"ایمان ہی کی قوت سے کرامات ظاہر ہوتی ہیں اور خوارق ظہور میں آتے ہیں اور انہونی باتیں ہو جاتی ہیں۔ سو اٹھو! ایمان کو ڈھونڈو اور فلسفہ کے خشک اور بے ہودہ ورقوں کو جلاؤ کہ ایمان سے تم کو برکتیں ملیں گی ..... ایمان کا ایک ذرہ فلسفہ کے ہزار دفتر سے بہتر ہے ـــــ ایمان دنیا کے عذابوں اور لعنتوں سے بھی چھڑا دیتا ہے اور روح کے تحلیل کرنے والے غموں سے ہم ایمان ہی کی برکت سے نجات پاتے ہیں۔ .....

دنیا میں ہر یک سوزش اور فرقت اور جلن میں گرفتار ہے مگر مومن"

(مرزا غلام احمد قادیانی صفحہ ۲۸۳)

ایمان کی برکات پر روشنی ڈالتے ہوئے حضور اقدس ..... نے فرمایا۔

"خدا تعالیٰ پر سچا ایمان ہو تو انسان مشکلاتِ دنیا سے نجات پا سکتا ہے"

(ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۲۳)

نیز فرمایا:۔

"کامل الایمان اکسیر ہے اس کے ساتھ فرقان رکھا جاتا ہے"

(ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۱۵۹)

ایک اور جگہ لکھتے ہیں:۔

"جو شخص کامل الایمان ہے وہ نافع الناس وجود ہے"

(ملفوظات جلد ہفتم صفحہ ۱۶۱)

اسی امر کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

"کیا ہی خوش قسمت وہ لوگ ہیں جو اپنے دلوں کو صاف کرتے ہیں اور اپنے دلوں کو ہر ایک آلودگی سے پاک کر لیتے ہیں اور اپنے خدا سے وفا دار کا عہد باندھتے ہیں کیونکہ وہ ہرگز ضائع نہیں کیے جائیں گے ممکن نہیں کہ خدا ان کو رسوا کرے کیونکہ وہ خدا کے ہیں اور خدا انکا۔ وہ ہر ایک بلا کے وقت بچائے جائیں گے۔ احمق ہے وہ دشمن جو ان کا قصد کرے کیونکہ وہ خدا کی گود میں ہیں اور خدا ان کی حمایت میں۔ کون خدا پر ایمان لایا صرف وہی جو ایسے ہیں"

(کشتی نوح صفحہ ۲۹)

غرض ایمان ایک بیش بہا دولت ہے جسکے ساتھ بہت سی برکات وابستہ ہیں اور یہ ایمان انبیاء۔ خلفاء۔ اولیاء کی صحبت سے نصیب ہوتا ہے۔ چنانچہ حضور اقدس .... فرماتے ہیں:۔

"درحقیقت اس کے فضل وکرم سے ہماری مجلس خدا نما مجلس ہے جو شخص اس مجلس میں صحت نیت اور پاک ارادہ اور مستقیم جستجو سے ایک مدت تک رہے تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اگر وہ دہریہ بھی ہو تو آخر خدا تعالیٰ پر ایمان لاوے گا اور ایک عیسائی جس کو خدا تعالیٰ کا خوف ہو اور جو سچے خدا کی تلاش اور بھوک اور پیاس رکھتا ہو اسکو لازم ہے کہ بے ہودہ قصے اور کہانیاں ہاتھ سے پھینک دے اور چشم دید ثبوتوں کا طالب بن کر ایک مدت تک میری صحبت میں رہے پھر دیکھے کہ وہ خدا جو زمین وآسمان کا مالک ہے کس طرح اپنے آسمانی نشان اس پر ظاہر کرتا ہے"

(کتاب البریہ صفحہ ۵۵)

اسی نکتہ کی وضاحت کرتے ہوئے اپنی کتاب فتح اسلام میں فرمایا:۔

"کون اس جماعتِ کثیر کا دوسری جگہ وجود دکھلا سکتا ہے۔ جو تعداد میں دس ہزار سے بھی زیادہ بڑھ گئی تھی۔ اور کمال اعتقاد اور انکسار اور جانفشانی اور پوری محبت سے سچائی کے حاصل کرنے اور راستی کے سیکھنے کے لیے آستانہ نبوی پر دن رات پڑی رہتی تھی۔ بے شک حضرت موسیٰ کو بھی ایک جماعت ملی تھی مگر وہ کیسی اور کسقدر سرکش اور متمرد اور روحانی صحبت اور صدق قدم سے دور اور مہجور رہنے والی تھی۔ اس بات کو بائبل کے پڑھنے والے اور یہودیوں کی تاریخ پر نظر ڈالنے والے خوب جانتے ہیں مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت نے اپنے رسولِ مقبولؐ کی راہ میں ایسا اتحاد اور ایسی روحانی یگانگت پیدا کر لی تھی کہ اسلامی اخوت کی رو سے سچ مچ عضوِ واحد کیطرح ہو گئی تھی اور ان کے روزانہ برتاؤ اور زندگی اور ظاہر و باطن میں انوارِ نبوت ایسے رچ گئے تھے کہ گویا وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عکسی تصویریں تھے۔ سو یہ بھاری معجزہ اندرونی تبدیلی کا جس کے ذریعہ سے فحش بت پرستی کرنے والے کامل خدا پرستی تک پہنچ گئے اور ہر دم دنیا میں غرق رہنے والے محبوبِ حقیقی سے ایسا تعلق پکڑ گئے کہ اسکی راہ میں پانی کی طرح اپنے خونوں کو بہا دیا۔ یہ دراصل ایک صادق اور کامل نبی کی صحبت میں مخلصانہ قدم سے قدم بسر کرنے کا نتیجہ تھا۔ سو اسی بناء پر یہ عاجز اس سلسلہ کے قائم رکھنے کے لیے مامور کیا گیا ہے اور چاہتا ہے کہ صحبت میں رہنے والوں کا سلسلہ اور بھی زیادہ وسعت سے بڑھا دیا جائے۔ اور ایسے لوگ دن رات صحبت میں رہیں کہ جو ایمان اور محبت اور یقین کے بڑھانے کے لیے شوق رکھتے ہوں اور ان پر وہ انوار ظاہر ہوں کہ جو اس عاجز پر ظاہر کیے گئے ہیں اور وہ ذوق انکو عطا ہو جو اس عاجز کو عطا کیا گیا ہے تا اسلام کی روشنی عام طور پر دنیا میں پھیل جائے اور حقارت اور ذلت کا سیاہ داغ مسلمانوں کی پیشانی سے دھویا جائے"

(فتح اسلام صفحہ ۳۰ تا صفحہ ۳۴)

حضور اقدس ..... نے طالبانِ حق کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:۔

"میرے ہاتھ میں ایک چراغ ہے جو شخص میرے پاس آتا ہے ضرور وہ اس روشنی سے حصہ لے گا مگر جو شخص وہم اور بدگمانی سے دور بھاگتا ہے وہ ظلمت میں ڈال دیا جائے گا اس زمانہ کا حصنِ حصین میں ہوں۔ جو مجھ میں داخل ہوتا ہے وہ چوروں اور قزاقوں اور درندوں سے اپنی جان بچائے گا"

(فتح اسلام صفحہ ۵۱)

اے مہدی کی پیاری جماعت! آپ کو صد مبارک کہ ایک برگزیدہ جماعت کے آپ ممبر ہیں ان گھڑیوں کو قیمتی جانئے۔ ان لمحوں پر قربان ہو جائیے جو آپ کو مرکز احمدیت میں نصیب ہوں۔ ہمارا جلسہ سالانہ کئی رنگ میں ہمارے ایمانوں کو بڑھاتا ہے۔ یقیناً یہ جلسہ تشنگانِ ایمان کے لیے آبِ حیات ہے۔ ایمان سے قیمتی کوئی متاع نہیں۔ اور ایمان کے بغیر کوئی برکت نہیں اور آپ نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں اور محبوں سے ملنا ہے۔ جن کے ایمان کی کیفیت حضرت اقدس ..... نے یوں بیان فرمائی:۔

"اس وفادار قوم نے تلواروں کے نیچے بھی اپنی وفاداری اور صدق کو نہیں چھوڑا بلکہ اپنے بزرگ اور

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پاک نبی کی رفاقت میں وہ صدق دکھلایا کہ کبھی انسان میں وہ صدق نہیں آسکتا جب تک ایمان سے اس کا دل اور سینہ منور نہ ہو"

(مسیح ہندوستان میں ص۱۰)

اے ایمان اور یقین کے طالبو! یہ جلسہ سالانہ ازدیادِ ایمان کا ایک نہایت مؤثر اور اعلیٰ ذریعہ ہے۔ یہی وہ جلسہ ہے جس میں ایمان کو ترقی دینے کیلئے حقائق و معارف بیان ہوتے ہیں۔ یہی وہ جلسہ ہے جس میں دلوں کو گرما دینے والے اور آتشِ عشق کو افروختہ کرنے والے ہمارے آقا کے ارشادات ہمارے کانوں میں پڑتے ہیں۔ یہ مبارک اجتماع دعاؤں اور گریہ و زاری کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ یہ بابرکت ایام یادِ الٰہی کے قیمتی ایام ہیں۔ یہ گھڑیاں قربِ الٰہی کی خاص گھڑیاں ہیں۔ یہ للّٰہی جلسہ ایسے مقدس مقام پر ہوتا ہے جو بہت سی برکات کا جامع ہے۔ اس اجتماع میں دنیا کے کونے کونے سے عاشقانِ احمدیت شمولیت اختیار کرتے ہیں۔

عزمِ کیا تحریر کروں۔ تمام روکوں کو پھلانگتے ہوئے آئیے اور خود اپنی آنکھوں سے اس جلسہ کی برکات کا مشاہدہ کیجیے کہ یہ ایام روز روز نہیں آتے۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ آپ کے دلوں میں حیرت انگیز ایمانی حرارت پیدا کرے جو آپ کو ایک مقناطیسی کشش کی طرح ارضِ ربوہ میں کھینچ لائے اور آپ سب ایمان اور عرفان سے اپنی جھولیاں بھر کر جائیں آمین۔

آخر میں اپنے آقا کا پیغام پڑھیے

"جاگو اور ہوشیار ہو جاؤ۔ ایسا نہ ہو کہ ٹھوکر کھاؤ۔ مبادا سفرِ آخرت ایسی صورت میں پیش آوے جو درحقیقت الحاد اور بے ایمانی کی صورت ہو"

(فتح اسلام ص۶۲)

دو روزہ سالانہ اجتماع

مجلس خدام الاحمدیہ ضلع کراچی کا دو روزہ سالانہ اجتماع مورخہ ۲۳ اور ۲۴ ستمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعرات اور جمعہ مسجد احمدیہ مارٹن روڈ میں منعقد ہوا۔ اس اجتماع کا افتتاح محترم نعیم احمد خان صاحب قائمقام امیر جماعت احمدیہ کراچی نے کیا۔ افتتاحی اجلاس میں تلاوت قرآن کریم عہد دہرانے کے بعد محترم قائمقام امیر صاحب نے خدام و اطفال اور جملہ حاضرین سے خطاب فرمایا۔ آپ نے حضرت اقدس کے ذریعہ ساری دنیا میں اسلامی انقلاب کا ذکر کیا اور نظام خلافت کی برکات مختصراً بیان فرمائیں۔ آپ نے دعا کے ساتھ اجتماع کا افتتاح فرمایا۔

اس تعلیمی و تربیتی اجتماع میں نماز تہجد کا بھی انتظام کیا گیا اور مولوی عبدالمنان صاحب شاہد مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے نماز تہجد پڑھائی۔ اس اجتماع میں مندرجہ ذیل مقابلے کرائے گئے

علمی مقابلے: تقریر (اردو انگریزی) حسن قرأت۔ حفظ قرآن کریم۔ مطالعہ کتب حضرت اقدس

درزشی مقابلے: دوڑ۔ کلائی۔ سلو سائیکلنگ۔ میوزیکل چیئرز

ان مقابلوں میں اول اور دوم آنے والوں کو انعامات دیئے گئے۔

خدام الاحمدیہ کے اجتماع کے ساتھ ساتھ اطفال الاحمدیہ ضلع کراچی کا سالانہ اجتماع احمدیہ ہال میں منعقد ہوا۔ محترم مرزا محمد دین صاحب ناز نمائندہ مرکز نے اطفال سے خطاب فرمایا۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے کراچی کی جملہ دس مجالس کی طرف سے خدام و اطفال نے اس اجتماع میں نمائندگی کی پہلے دن یعنی ۲۳ ستمبر کو سینما میں مسجد بشارت کے افتتاح کے موقع کی ایک نہایت پیاری اور یادگار فلم بھی خدام و اطفال کو دکھائی گئی۔ کراچی کے مہمان کرام محمد عثمان صاحب چینی۔ ملک محمد سلیم صاحب۔ لئیق احمد صاحب منیر خلیفہ صباح الدین احمد صاحب مولوی عبدالمنان صاحب اور سید حسین احمد صاحب نے ہر لحاظ سے خدام الاحمدیہ کے ساتھ تعاون فرمایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ اجتماع کے دوران مجلس سوال و جواب بھی منعقد ہوئی۔ جس میں علمی و مذہبی سوالات کے جواب دیئے گئے۔

اختتامی اجلاس میں محترم مرزا محمد دین صاحب ناز نے خطاب فرمایا۔ نیز خدام و اطفال کو انعامات تقسیم کئے۔ سالانہ اجتماع میں حاضری میں اوّل آنے والی مجلس ملیر کے قائد کو انعام دیا گیا۔ نیز ایک طفل ظہور احمد (مجلس ڈرگ روڈ) کو موسم سرما میں باقاعدگی کے ساتھ نماز فجر مسجد میں ادا کرنے پر انعام دیا گیا۔

آخر میں محترم مرزا محمد دین صاحب ناز نے دعا کرائی اور اجتماع بخیر و خوبی اختتام پذیر ہوا۔

سکرٹری سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ ضلع کراچی

صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ حضرت سیدہ ام امۃ المتین صاحبہ مدظلہا العالی کا مجالس عاملہ اسلام آباد راولپنڈی شہر و ضلع سے خطاب

لجنہ اماء اللہ راولپنڈی، اسلام آباد اور ضلع راولپنڈی کی مجالس عاملہ سے حضرت سیدہ ام امۃ المتین صاحبہ مدظلہا العالی صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ نے ۱۵ اگست ۱۹۸۲ء بروز اتوار دوپہر مسجد نور راولپنڈی میں سوا گھنٹہ خطاب فرمایا۔

آپ نے فرمایا کہ عہدیدار صدر ہو یا سیکرٹری مرکز کے منظور کئے گئے ہوتے ہیں۔ معروف کاموں میں اُن کی اطاعت ضروری ہے ان کی اطاعت مرکز کی اطاعت ہے۔

آپ نے فرمایا کہ کام ٹیم ورک کے تحت ہونا چاہیئے آپ نے فرمایا اکیلی صدر اور اکیلی سیکرٹری کچھ بھی نہیں کر سکتیں۔ جب تک سب عہدیدار اپنی ذمہ داریاں محسوس نہ کریں مشترکہ تعاون اور باہمی پیار و محبت سے اسلام اور احمدیت کی ترقی و بہبود کے لئے لجنہ کی تنظیم کے تحت کام کریں۔

آپ نے اچھے عہدیدار کی خصوصیت بتاتے ہوئے تلقین فرمائی کہ خود ہی کام کرتے جانا کوئی خوبی نہیں۔ کام دوسرے عہدیداروں کو بھی سکھائیں۔ نئی نسل کی جوان بچیوں کو جنہوں نے آگے چل کر عظیم ذمہ داریاں سنبھالنی ہیں کام سکھائیں تاکہ اچھی عہدیدار جب بوڑھی ہو یا اس شہر سے تبدیل ہو جائے تو کام میں تعطل پیدا نہ ہو بلکہ زیرِ تربیت اُس کام کو سنبھالنے کے قابل ہو جائے۔

آپ نے عہدیداروں پر زور دیا کہ تعلیم القرآن کا جسقدر کام وہ کر سکتی ہیں ہر حلقہ میں پوری ذمہ داری سے کریں کیونکہ یہی اصل چیز ہے آپ نے فرمایا لجنہ کے مختلف کاموں کی مصروفیت کے باوجود وہ اب تک سینکڑوں لڑکیوں کو قرآن کریم اور ترجمہ پڑھا چکی ہیں۔

اصلاح و ارشاد کی سکرٹریوں کو فرمایا کہ وہ اپنا علم وسیع کریں تاکہ بنیادی اختلافی مسائل ممبرات کو سمجھا سکیں۔ خود بھی تبلیغ کریں اور ممبرات کو بھی تبلیغ کے لئے تیار کریں اور اس کے لئے اپنا دائرہ واقفیت وسیع کریں۔ غیر از جماعت مستورات سے بھی میل جول رکھیں اپنے عمدہ نمونے اور دلائل سے اُن پر اچھا اثر ڈالیں بُرے اثرات قطعاً قبول نہ کریں۔

حضرت سیدہ موصوفہ نے سکرٹریاں کو تاکید کی کہ وہ رسومات بد کے خلاف جہاد کریں اور نوجوان نسل کی تربیت کی طرف خاص زور دیں۔

اجلاسوں میں حاضری کم ہونے کی شکایت عمدہ اچھے پروگرام بنانے اور اپنے حلقہ کی ممبرات کے دکھ سکھ میں ساتھ دینے سے دور کی جا سکتی ہے اس کے علاوہ ہر کام کے لئے دعا کریں پھر یقیناً کامیابی ہوگی۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی ہر تحریک اور آپ کی ہر آواز پر عمل کریں اور کرائیں۔

آپ کے تشریف فرمانے کے بعد پونے گھنٹے تک سوالات و جوابات کا انتہائی مفید سلسلہ جاری رہا۔ جس میں میلاد قرآن خوانی اور دوسری رسومات اور باتوں کے متعلق ممبرات نے سوالات کئے اور آپ برابر اُن کے مدلل اور پُر اثر جواب دیتی رہیں۔

خطاب سے پہلے راولپنڈی اسلام آباد واہ ٹیکسلا اور گوجر خاں کی مجالس عاملہ کی عہدیداروں کو کھڑا کر کے ان کا تعارف حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ مدظلہا العالی سے کرایا گیا۔ سوا ایک بجے دوپہر دعا پر یہ اجلاس ختم ہوا جس کے بعد محترم و مکرم مجیب الرحمٰن صاحب امیر جماعت راولپنڈی نے جماعت کی طرف سے حضرت سیدہ مدظلہا العالی اور ضلع بھر کی عہدیداروں کو کھانا دیا جس کے لئے لجنہ اماء اللہ راولپنڈی ان کی ممنون ہے۔ جزاہ اللہ احسن الجزاء

(سیدہ نسیم سعید صدر لجنہ اماء اللہ راولپنڈی)

الفضل اخبار خود پڑھیئے اور اپنے عزیزوں، دوستوں کو پڑھنے کے لیے دیں۔ اخبار آپ کے بچوں کے لیے ایک بہترین سرمایہ ہے۔ منیجر

ناظر بیت المال
چندہ عام، حصہ آمد، چندہ جلسہ سالانہ ادا فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ آمد
ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مسجد بشارت (سپین) کے افتتاح کے موقع پر

جماعتہائے احمدیہ کا اظہارِ مسرت و اخلاص

بستی جمال والا کھاکھی ضلع ملتان

۱۰ ستمبر کا دن جماعت احمدیہ جمال والا کھاکھی نے بطور عید منایا۔ نماز تہجد اور دوسری نمازوں میں دعائیں کی گئیں۔ دوپہر کا کھانا احمدی مردوں عورتوں اور بچوں نے مل کر کھایا۔ غرباء میں کھانا تقسیم کیا گیا ایک بکرا ذبح کر کے گوشت غرباء میں تقسیم کیا گیا خطبہ جمعہ مسجد بشارت کے موضوع پر پڑھا گیا۔ بعد نماز عصر جامع مسجد جمال والا کھاکھی میں جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس میں ۴۰ غیر از جماعت احباب بھی شریک ہوئے مقررین نے سپین میں اسلامی تاریخ اور مسجد بشارت کی تعمیر کے تمام مراحل سے دوستوں کو واقفیت بہم پہنچائی جلسہ کے بعد حاضرین میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ مسجد احمدیہ جو زیر تعمیر ہے اور چھتوں تک پہنچ چکی ہے۔ اس پر اور جملہ احمدی گھروں میں رات کو چراغاں کیا گیا۔

(صدر جماعت احمدیہ جمال پور کھاکھی)

بشیر آباد ضلع ڈیرہ غازیخان

ایک بکرا ذبح کر کے گوشت غرباء میں تقسیم کیا گیا۔ خطبہ جمعہ سپین کے تاریخی و مذہبی حالات اور مسجد بشارت سپین کے حالات پر دیا گیا نماز جمعہ کے بعد تمام احمدی دوستوں کو کھانا کھلایا گیا کھانا میں پانچ غیر از جماعت احباب بھی شریک ہوئے۔ رات کو گاؤں میں چراغاں کیا گیا۔

(بشیر احمد چیمہ بشیر آباد)

پہاڑ کے ضلع شیخوپورہ

مسجد بشارت سپین کے افتتاح کے موقع پر ۱۰ ستمبر کی رات کو مسجد میں چراغاں کیا گیا۔ دن کے وقت بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ دو نفل نماز ادا کر کے اجتماعی دعا کی گئی۔

(صدر جماعت احمدیہ۔ بھڑکے)

چاہ احمدیاں والہ ضلع ملتان

جماعت احمدیاں والا نے ۱۰ ستمبر کو مسجد بشارت سپین کے افتتاح کی خوشی میں عید کی طرح منایا رات کو تمام چاہ احمدیاں والا پر چراغاں کیا گیا تین بجے بعد دوپہر اجتماعی دعا ہوئی جس کے بعد پلاؤ اور زردہ تیار کیا گیا اور غیر از جماعت دوستوں کو دعوت طعام دی گئی۔ الفضل کا خاص نمبر غیر از جماعت دوستوں کو پڑھنے کے لئے دیا گیا۔

(صدر جماعت احمدیہ چاہ احمدیاں والا)

چک نمبر ۲۷۱ ربوہ بہلول پور ضلع فیصل آباد

مسجد احمدیہ بہلول پور کو جھنڈیوں سے سجایا گیا۔ مسجد بشارت سپین سے متعلق چار صد فولڈر تقسیم کئے گئے۔ نماز جمعہ کے بعد مٹھائی تقسیم کی گئی جب غیر از جماعت احباب نماز جمعہ کے بعد اپنی مسجد سے باہر نکلے تو ان میں مٹھائی تقسیم کی گئی اور ان کو بتایا گیا کہ ساڑھے سات سو سال بعد سپین میں تعمیر ہونے والی مسجد بشارت کے افتتاح کے موقع پر خوشی کے اظہار کے طور پر یہ مٹھائی تقسیم کی جا رہی ہے۔ رات کو موم بتیوں کے ذریعہ مسجد پر چراغاں کیا گیا رات کو جب پورے گاؤں میں بجلی فیل ہو گئی تو مسجد کے میناروں اور اس کے چاروں طرف جلتی ہوئی موم بتیوں نے تمام گاؤں کی نگاہوں کو اپنی طرف کھینچ لیا۔

(خوشی محمد شاکر مربی سلسلہ مقیم بہلول پور)

چک نمبر ۳۳ ج ضلع سرگودھا

۱۰ ستمبر کے تاریخ ساز دن سے چند یوم قبل ہی چکوک ۳۳-۳۲-۴۳-۴۱-۴۰ میں پمفلٹ اور اخبار الفضل کے خاص نمبر تقسیم کرنے شروع کر دئے گئے۔ الفضل کا خاص نمبر منگوا کر احمدی اور غیر از جماعت کے گھروں میں تقسیم کیا گیا ویو کارڈ تقسیم کئے گئے۔ ۱۰ ستمبر کی رات کو مسجد میں چراغاں کیا گیا صبح باجماعت نماز تہجد ادا کی گئی اور دعائیں کی گئیں۔ خطبہ جمعہ مسجد سپین کے متعلق دیا گیا نماز جمعہ کے بعد غیر از جماعت احباب اور بچوں نیز احمدی احباب اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کی گئی ایک دیگ چاول پکوا کر خود بھی کھائے گئے اور غیر از جماعت بڑوں اور چھوٹوں کو بھی کھلائے گئے مجلس خدام الاحمدیہ سرگودھا کی طرف سے شائع شدہ پوسٹر نمایاں جگہوں پر لگائے گئے

(ملک سعید احمد رشید مربی سلسلہ چک ۳۳ ج)

خلیل آباد کالونی ضلع کوٹلی

مسجد بشارت سپین کے افتتاح کی تقریب پر مسجد احمدیہ خلیل آباد کالونی ضلع کوٹلی (آزاد کشمیر) میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا جس میں مقررین نے مسجد بشارت سپین کی تعمیر کے تمام پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور اس کے نتیجہ میں عائد ہونے والی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی جلسہ کے آخر میں مکرم قائد مجلس خدام الاحمدیہ مقامی نے خطاب کیا اور دوستوں کو دعا کی طرف خصوصی توجہ دلائی جلسہ کے بعد حاضرین میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ نماز جمعہ کی دوسری رکعت کے آخری سجدہ میں مسجد بشارت کے افتتاح کے بابرکت ہونے اور سپین میں اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے دعائیں کی گئیں۔

(سیکرٹری مال جماعت احمدیہ خلیل آباد کالونی)

دھدرا ضلع گجرات

مسجد سپین کے افتتاح کی خوشی کی وجہ سے جماعت احمدیہ دھدرا نے ۱۰ ستمبر کو عید کے طور پر منایا چھ بجے شام احباب جماعت نے مسجد میں جمع ہو کر اجتماعی دعا کی بعض غیر از جماعت احباب بھی دعا میں شریک ہوئے۔ مسجد کو رنگا رنگ جھنڈیوں سے سجایا گیا میٹھے چاولوں کی ایک دیگ پکا کر احباب میں تقسیم کئے گئے۔ رات کو مسجد پر چراغاں کیا گیا۔

(صدر جماعت احمدیہ دھدرا)

ڈیرہ باجوہ

دس ستمبر کا دن جماعت احمدیہ کے لئے خصوصاً اور اہل اسلام کے لئے عموماً عید کا دن تھا کہ اس دن ساڑھے سات سو سال کے بعد سپین میں خانہ خدا کی تعمیر مکمل ہونے پر اس کا افتتاح کیا گیا۔ اس دن مجلس خدام الاحمدیہ مقامی کے زیر اہتمام ایک جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس میں متعدد دوستوں نے تقاریر کیں حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ کے ارشادات دوبارہ سپین سنائے گئے آخر میں صدر جماعت مقامی نے اس دن کی اہمیت اور عظمت بیان فرمائی جس کے بعد اجتماعی دعا کی گئی۔

(قائد مجلس خدام الاحمدیہ۔ ڈیرہ باجوہ)

مجلس خدام الاحمدیہ سرگودھا شہر

۱۰ ستمبر کے تاریخ ساز دن کا آغاز باجماعت نماز تہجد سے ہوا جس میں ۴۰ خدام شامل ہوئے نماز فجر کے بعد چار بکرے بطور صدقہ ذبح کئے گئے خدام نے عمدہ کھانے پکوا کر اپنے دوستوں کے گھروں میں بھیجے فولڈر اور الفضل کے خاص نمبر اپنے حلقہ اثر میں دوستوں کو پہنچائے۔ اس موقع پر ایک مجلس مذاکرہ بھی منعقد ہوئی جس میں ایک سو غیر از جماعت دوستوں نے بھی شرکت کی۔ اس مجلس میں مکرم نصر اللہ خان صاحب بھٹی ایڈووکیٹ نے سپین میں اسلام کی نشأۃ اولیٰ اور نشأۃ ثانیہ کے عنوان پر ایک جامع مضمون پڑھا۔ حلقہ عشہر اور سٹلائٹ ٹاؤن کی ٹیموں کے مابین فٹ بال کا میچ ہوا۔ شام آٹھ بجے کھانے کا انتظام کیا گیا۔ سہ پہر کو دس رکنی نمائندہ وفد نے مرکز میں جا کر حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے مزاروں پر دعا کی۔ ۱۱ ستمبر کو مقابلہ میر ہوا۔ جس میں ۱۴ خدام نے دس میل کا پیدل سفر کیا اور ۶ خدام نے ربوہ تک سائیکل سفر کیا۔

(سید اویس جنود قائد مجلس سرگودھا شہر)

سکرنڈ (سندھ)

۱۰ ستمبر کو مسجد احمدیہ کو جھنڈیوں اور بینروں سے خوب سجایا گیا۔ مسجد کے بیرونی دروازہ کی طرف بازار میں بھی جھنڈیاں لگائی گئیں اور کپڑے کے بینر جن پر افتتاح مسجد سپین سے متعلق عبارت لکھی گئی تھی آویزاں کئے گئے ۱۰ ستمبر کو بعد نماز جمعہ ایک بکرا بطور صدقہ ذبح کیا گیا۔ شام کو دو دیگ چاول پکوا کر اجتماعی کھانا کھایا گیا جس میں غیر از جماعت احباب بھی شامل ہوئے رات کے گیارہ بجے اجتماعی دعا ہوئی دعا کے بعد دوستوں کو مسجد بشارت سپین کے افتتاح کی مبارکباد پیش کی گئی۔

(سیکرٹری اصلاح و ارشاد سکرنڈ)

صادق پور ضلع تھرپارکر (سندھ)

مسجد بشارت سپین کے افتتاح کی خوشی میں جماعت احمدیہ مقامی نے ایک خاص پروگرام تیار کیا جس کے تحت ۱۰ ستمبر کی صبح کو اطفال اور ناصرات نے جھنڈیاں تیار کیں اور مسجد کو خوب سجایا۔ نماز جمعہ سے قبل اطفال کے کبڈی کشتی دوڑوں اور سائیکل ریس کے مقابلے ہوئے نماز جمعہ کے بعد ایک جلسہ منعقد ہوا جس میں مسجد بشارت سپین سے متعلق تین تقاریر ہوئیں اور اس کے بعد اجتماعی دعا ہوئی۔ دعا کے بعد جماعت کے احباب کے علاوہ غیر از جماعت احباب اور بہت سارے غیر مسلموں میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ جلسہ کے بعد کھیلوں کے مزید مقابلے ہوئے جن میں لانگ جمپ اور بینی پکڑنے کے مقابلے بھی شامل تھے۔ رات کو مسجد اور احمدی گھروں میں موم بتیوں سے چراغاں کیا گیا۔

(صدر جماعت احمدیہ)

قمر آباد (سندھ)

۱۰ ستمبر کو جشن افتتاح مسجد بشارت سپین کا پروگرام نماز تہجد سے شروع ہوا۔ جس میں جماعت کے ہر بڑے اور چھوٹے فرد نے شرکت کی۔ نماز فجر کے بعد سورہ کہف کے پہلے رکوع کا درس دیا گیا۔ جس کے بعد دوستوں نے مسجد میں بیٹھ کر تلاوت قرآن کریم کی۔ دو بکرے بطور صدقے ذبح کئے گئے۔ مکرم ڈاکٹر فقیر محمد صاحب نے ایک بکرا ذبح کر کے احباب جماعت کو کھانے کی دعوت دی۔ پانچ غیر از جماعت احباب بھی اس دعوت میں شریک ہوئے نماز جمعہ کے بعد مکرم ڈاکٹر فقیر محمد صاحب کے ہسپتال میں جا کر خاکسار نے ڈیڑھ دو گھنٹہ تک غیر از جماعت احباب کے سوالوں کے جواب دئے۔ عصر کی نماز کے بعد اطفال اور خدام کھیل کے گراؤنڈ میں پہنچ گئے۔ جہاں میرو ڈبہ کا کھیل کھیلا گیا۔ نماز مغرب کے بعد مکرم ڈاکٹر فقیر محمد صاحب نے تمام دوستوں کی چائے سے تواضع کی۔ نماز عشاء کے بعد جلسہ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ جس میں خاکسار کے علاوہ متعدد اور احباب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نے مسجد بیین کے موضوع پر تقاریر کیں۔ خدام اور اطفال رنگا رنگ کی روشنیوں کے سایہ میں دو بجے شب تک خوشیاں مناتے رہے دو بجے کے بعد کچھ خدام مسجد میں ہی سو گئے اور ساڑھے چار بجے نماز تہجد با جماعت میں شریک ہوئے۔ گویا خوشی کی یہ تقریب نماز تہجد سے شروع ہوئی اور نماز تہجد پر ختم ہوئی۔ اس دن محمود ہسپتال اور بیت البشر کے علاوہ احمدی احباب کی دو کانوں اور مکانوں پر چراغاں کیا گیا۔

(رانا فاروق احمد شاہد مربی سلسلہ حلقہ قمر آباد)

مثالی وقارِ عمل

مسجد احمدیہ کوہاٹ (جو ایک وسیع مسجد ہے) کی مرمت اور سفیدی کرنے کا پروگرام بنایا گیا خدام و اطفال کافی تعداد میں شریک ہوئے۔ سب سے پہلے مسجد کی ٹوٹی پھوٹی جگہوں کو سیمنٹ کے ذریعہ درست کیا گیا۔ بعدہٗ سارے ہال کی سفیدی کی۔ اسی دوران چند خدام و اطفال مربی ہاؤس کی چھت کی مرمت میں مصروف رہے جو کافی خراب اور خستہ ہو چکی تھی۔ وقارِ عمل کے دوران خدام و اطفال کی پھلوں سے اور شام کو چائے اور بسکٹوں سے تواضع کی گئی۔ یہ وقارِ عمل صبح ۸ بجے شروع ہوا اور شام ۵-۳۰ بجے تک جاری رہا۔ اس وقارِ عمل میں ہر خادم کا بے پناہ جوش و جذبہ دیکھنے میں آیا اور ان کے اس جذبہ و شوق کو دیکھتے ہوئے چند مہمانانِ کرام بھی اس وقارِ عمل میں شریک ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ ان سب دوستوں کو اجرِ عظیم سے نوازتے ہوئے اپنے فضلوں سے ہمیشہ نوازتا چلا جائے اور آئندہ بھی ایسے کاموں کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

(سعید احمد خان سہیل مربی سلسلہ کوہاٹ)

ناظمین اضلاع انصار اللہ متوجہ ہوں

۱۔ مجلس انصار اللہ کے ناظمین ضلع کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ کوشش فرمائیں کہ ان کے ضلع سے صف دوم کے زیادہ سے زیادہ انصار سائیکلوں پر سوار ہو کر سالانہ اجتماع میں شرکت کے لئے تشریف لائیں۔ (۲) انصار سفر وفد کی شکل میں کریں اور ہر وفد کا امیر مقرر کیا جائے (۳) سائیکل سوار وفود مقام اجتماع میں آکر مقررہ منتظم کو اپنے نام ضرور لکھوائیں۔ وہیں سائیکل رکھنے کا انتظام ہو گا۔ انشاء اللہ۔

(نائب صدر۔ صف دوم انصار اللہ مرکزیہ)

اطفال و ناصرات الاحمدیہ

ربوہ کا قابلِ تقلید نمونہ

گذشتہ کئی برسوں کے بعد اطفال احمدیہ مقامی ربوہ نے شبانہ روز کوششوں کے نتیجہ میں "دفتر اطفال وقف جدید" کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے۔

بفضل اللہ تعالیٰ اطفال مقامی نے نہ صرف ۱۵-۲۵۶۰ روپے کے گذشتہ بقائے ادا کئے بلکہ سال رواں میں انتہائی جانفشانی سے کام لیتے ہوئے مجلس مقامی کی تاریخ میں پہلی بار تقریباً مقررہ مدت سے تین ماہ قبل یعنی ۱۵ اکتوبر تک اپنا دس ہزار کا ٹارگٹ پورا کر لیا اور دیگر مجالس کے لئے قابلِ تقلید کام سرانجام دیا۔ اسی طرح ناصرات الاحمدیہ مقامی نے بفضل اللہ تعالیٰ وقت مقررہ سے تین ماہ قبل مطلوبہ ٹارگٹ ۱۵۰۰/- روپے کی بجائے ۱۹۰۰/- روپے وصول کر کے قابلِ تحسین کام سرانجام دیا ہے احباب جماعت سے ہر دو مجالس کی اچھی کارکردگی کی وجہ سے جملہ عہدیداران اور اطفال و ناصرات کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو آئندہ بھی اس معیار کو قائم رکھنے بلکہ اس سے بھی بڑھ کر مالی قربانیاں پیش کر کے ثواب دارین حاصل کرنے کی توفیق دیتا رہے اور سنہری کامیابیوں سے نوازے۔

(سیکرٹری وقف جدید اطفال الاحمدیہ مرکزیہ)

تقریب شادی

مکرم برادرم چوہدری غلام نبی صاحب چٹھہ ولد چوہدری علی محمد صاحب چٹھہ آف چک نمبر ۵۶ شمالی ضلع فیصل آباد کا نکاح عزیزہ ساجدہ کوثر صاحبہ بنت چوہدری محمد اسحاق صاحب آف چک نمبر ۵۵ جنوبی ضلع فیصل آباد کے ساتھ ۱۹ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو خاکسار نے پڑھا۔ تقریب رخصتانہ ۹ نومبر ۱۹۸۲ء کو عمل میں آئی۔ مکرم چوہدری غلام نبی صاحب چٹھہ کی یہ دوسری شادی ہے پہلی شادی ۱۹۶۳ء میں ہوئی تھی لیکن ابھی تک اولاد نہ ہونے کی وجہ سے دوسری شادی کی ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ چوہدری صاحب موصوف کو نیک صالح اور لمبی عمر والی اولاد سے نوازے۔ آمین

(خوشی محمد شاکر مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ چک نمبر ۱۲۷ بہلول پور ضلع فیصل آباد)

زکوٰۃ تزکیۂ نفس کرتی ہے
اور اموال کو بڑھاتی ہے

سپاس تعزیت

● والدم بزرگوار حضرت حکیم عبدالعزیز صاحب مرحوم جن کو حضرت اقدس کے اصحاب میں شمولیت کا فخر حاصل تھا کی وفات پر بہت سے احباب نے تعزیت کے خطوط لکھے ہیں ان میں سے ہر ایک خط کا جواب دینے سے میں اس وقت قاصر ہوں اس لئے میں بذریعہ اخبار الفضل ان سب احباب کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ احباب دعا فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے۔ آمین۔

ملک محمد احمد ثاقب پروفیسر جامعہ احمدیہ ربوہ

● میری والدہ محترمہ عزیز بیگم صاحبہ اہلیہ سید زمان شاہ صاحب (مرحوم) جہلم ۲۴ ستمبر کو وفات پا گئی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔

جماعت کے بہت سے احباب نے گھر پر تشریف لا کر ہم سے تعزیت فرمائی اور بہت سے احباب نے خطوط کے ذریعہ ہمارے صدمہ کو ہلکا کرنے کی کوشش فرمائی چونکہ فرداً فرداً ہر ایک دوست کو اس وقت شکریہ کا خط لکھنے سے قاصر ہوں۔ اس لئے بذریعہ الفضل ان سب دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنے پاس سے بہتر جزا عطا فرمائے نیز درخواست کرتا ہوں کہ احباب دعا فرماتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات میں بلندی عطا فرماتا رہے۔ آمین

(سید بشیر احمد۔ مشین محلہ جہلم)

درخواست دعا

● محترم ملک محمد حیات صاحب نسوانہ آف لولے شریف کافی دنوں سے پیشاب اور خون میں شوگر کے بڑھ جانے کی وجہ سے بیمار ہیں۔ پاؤں کی انگلی پر زخم بھی ہے جو ٹھیک نہیں ہو رہا۔ محترم ملک صاحب کا وجود علاقہ میں احمدیت کا ایک بہترین نمونہ ہے۔

احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین۔

(احمد علی ٹیچر تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ)

ولادت

● مکرم ملک اللہ بخش صاحب واقف زندگی (آف چک منگلا ضلع سرگودھا) کلرک وکالت دیوان تحریک جدید ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ۲۸ ستمبر ۱۹۸۲ء کو دوسرا بیٹا عطا فرمایا ہے اس سے پہلے بفضل اللہ تعالیٰ تین بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت نومولود کا نام "طاہر احمد" تجویز فرمایا ہے احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو صحت و عافیت کے ساتھ عمر دراز عطا کرے۔ نیک خادم دین اور والدین کے لئے قرۃ العین بنائے۔ آمین۔

(چوہدری محمد یوسف اکاؤنٹنٹ وکالت دیوان تحریک جدید۔ ربوہ)

● اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے ۲۹ جولائی ۱۹۸۲ء بروز جمعرات عمائسار کو نواسہ عطا فرمایا ہے الحمد للہ عزیز نومولود عزیز محترم چوہدری عبدالباری صاحب اور عزیزہ بشریٰ باری آف کیلگری (کینیڈا) کا بیٹا ہے۔ نام "طاہر احمد" رکھا گیا ہے بہت بہت مبارک ہو درخواستِ دعا ہے کہ مولا کریم عزیز کو صحت و عافیت کے ساتھ رکھے اور برکتوں بھری کامیاب زندگی عطا فرمائے۔ نیز ماں باپ اور ہم سب کے لئے اُسے قرۃ العین بنائے آمین۔

اسی طرح ۲۱ ستمبر بروز جمعرات ایڈمنٹن (کینیڈا) سے تار موصول ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خاکسار کے بیٹے عزیز ہشام قمر ملک کو بیٹا عطا فرمایا ہے فالحمد للہ ثم الحمد للہ۔ مولا کریم بہت بہت مبارک کرے۔ عزیز ہر خیر کا حامل ہو اور ہر شر سے حفاظت ملے سب کی آنکھوں کے لئے ٹھنڈک بنے۔ آمین۔

(بیگم ملک سیف الرحمٰن۔ دارالصدر ربوہ)

خط و کتابت کرتے وقت
چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں
مینیجر

ریپر پر مہر

خدا تعالیٰ کے فضل سے ماہنامہ "تشحیذ الاذہان" اور ماہنامہ "خالد" ماہ اکتوبر ۱۹۸۲ء خریداران کو بھجوائے جا چکے ہیں۔ بھجوائے جانے والے رسائل کے ریپر پر ایک مہر لگی ہوئی ہے جس میں درج ہے کہ آپ کا چندہ کب ختم ہو رہا ہے۔ براہ کرم اگر آپ کا چندہ ختم ہے تو جلد بذریعہ منی آرڈر بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ (مینیجر ماہنامہ "خالد" و "تشحیذ الاذہان" ربوہ)

سائیکل سوار وفود مرکز میں پہنچتے ہی منتظمین کو آمد کی اطلاع دیں

نائب صدر صف دوم انصار اللہ مرکزیہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ناظمین اضلاع انصار اللہ اپنی مجالس کے دورے کر کے سالانہ اجتماع انصار اللہ ۵-۶-۷ نومبر ۸۲ء میں اپنے ضلع کی سو فیصد نمائندگی ممکن بنائیں

قائد عمومی
انصار اللہ مرکزیہ

درخواست ہائے دعا

میری چھوٹی ہمشیرہ خالدہ بشیر کئی سال سے بیمار چلی آ رہی ہے اور آج کل تکلیف زیادہ ہے۔
(محمد سلیم ڈرگ روڈ۔ کراچی)

• میرے تایا محترم شریف احمد صاحب چک نمبر ۲۲۶/۲۵۰ آنکھ کے اپریشن کے لئے چیمہ ہسپتال ڈسکہ میں داخل ہیں۔
(محمد ظفر اللہ صدر جماعت احمدیہ نانوں ڈوگر ضلع لاہور)

• میری بیٹی عزیزہ ناصرہ بیگم سلمہا اللہ فیصل آباد کی بچی بعمر ۱½ سال بجلی کا کرنٹ لگنے سے جل گئی تھی محمد ٹرسٹ ہسپتال سے کچھ دن علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا۔ لیکن پھر زخم دوبارہ خراب ہو گیا اور بچی کی حالت زیادہ خراب ہو گئی۔ دوبارہ ہسپتال داخل کرایا گیا اور ران سے گوشت کاٹ کر زخم کی جگہ لگانا پڑا۔ بچی بہت تکلیف میں ہے
(فتح محمد خاں دارالنصر غربی ۔ ربوہ)

• پسرم عزیزم میاں سعید احمد سلمہا اللہ بعمر چھ سال بدستور بیمار ہے اور نشتر ہسپتال ملتان میں بغرض علاج داخل ہے اس کا جگر بڑھ گیا ہے پیشاب میں خون آ رہا ہے اور بخار بھی ہے عزیز کی یہ کیفیت چھ ماہ سے ہے۔
(میاں اقبال احمد ایڈووکیٹ ۔ راجن پور)

• میرا نواسہ عزیزم صداقت احمد بٹ بعارضہ یرقان کراچی میں بیمار ہے اور شفاء ہسپتال میں زیر علاج ہے
(رانا محمد یوسف یامین بکڈپو دارالبرکات ۔ ربوہ)

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب بیماروں کو کامل و عاجل شفا عطا فرمائے۔ آمین۔

دعائے مغفرت

• میرے والد محترم چوہدری فضل دین صاحب کاہلوں کچھ دن بعارضہ ٹائیفائیڈ بخار و کمر درد بیمار رہ کر ۵ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو وفات پا گئے۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

مرحوم ۱۹۷۷ء میں ایک خواب کی بناء پر احمدیت میں داخل ہوئے اور تادم آخر اپنے عہد بیعت پر قائم رہے۔ پسماندگان سوگوار بیوہ کے علاوہ چار بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں ایک بیٹا اور دو بیٹیاں شادی شدہ اور صاحب اولاد ہیں۔
احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے آمین۔
(محمد اشرف کاہلوں ایم اے بی ایڈ دھرو کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ)

• میری والدہ محترمہ زینت بی بی صاحبہ تقریباً اڑھائی ماہ بیمار رہنے کے بعد ۲ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو بوقت ۱۱ بجے سروسز ہسپتال لاہور میں بعمر قریباً ۵۰ سال وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون
احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے درجات بلند کرے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین۔
(محمد طارق ابن محمد رفیق بٹ صاحب قلعہ کالر ضلع سیالکوٹ)

اخبار کی اشاعت میں حصہ لیجئے۔ مینیجر

مجلس سوال و جواب

سالانہ اجتماع انصار اللہ کے موقع پر مجلس سوال و جواب کا پروگرام بڑا دلچسپ ہوتا ہے جس میں سلسلہ کے جید علماء سوالات کے جوابات دیتے ہیں۔ اس مجلس کی افادیت کو بڑھانے کے لئے احباب اپنے سوالات لکھ کر ابھی سے ہمیں بھجوا دیں۔
نوٹ:۔ سیاسی اور فقہی سوالات کی اجازت نہیں ہوگی۔
(قائد اصلاح و ارشاد مجلس انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

زعماء مجالس انصار اللہ متوجہ ہوں

مرکزی سالانہ اجتماع انشاء اللہ ۵-۶-۷ نومبر کو منعقد ہو رہا ہے۔ بہت سی مجالس ایسی ہیں جن کی طرف سے ابھی تک نمائندگان شوریٰ کے نام موصول نہیں ہوئے ایسی مجالس کے زعماء سے گزارش ہے کہ نمائندگان شوریٰ کے نام فوری طور پر مرکز میں بھجوا کر ممنون فرمائیں۔
(قائد عمومی مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

لجنات فوری توجہ کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب جو ۱۶ اکتوبر کو آپ نے لجنہ اماء اللہ کے سالانہ اجتماع میں فرمایا تھا اور جس میں آپ نے لجنہ اماء اللہ کو تبلیغ کا ایک عالمگیر منصوبہ شروع کرنے کی ہدایت فرمائی ہے ۲۲ اکتوبر کے الفضل میں شائع ہو گیا ہے۔ تمام لجنات اس کی روشنی میں اپنے اپنے شہر کے لئے فوری طور پر منصوبہ تیار کر کے لجنہ اماء اللہ مرکزیہ کو اطلاع دیں۔ تاکہ لجنہ اماء اللہ مرکزیہ پھر اسے حضور ایدہ اللہ کی خدمت میں پیش کر سکے۔
(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

اعلان دارالقضاء

مکرمہ عزیزہ بیگم صاحبہ محلہ دارالعلوم شرقی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم چوہدری نور احمد صاحب وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ ۲۹/۵۰ واقع محلہ دارالعلوم شرقی رقبہ ۱۳ مرلہ مرحوم کے نام ہے۔ اسی طرح رقم مبلغ ۴۳/۴۷۳ امانت ۶۳۹۶/۳۸،۱۹۶ صدر انجمن میں جمع ہے۔ میرے علاوہ مرحوم کے درج ذیل وارثان بھی ہیں۔ (۱) خالد محمود صاحب (۲) مسعود احمد صاحب (۳) داؤد احمد صاحب (۴) منور احمد صاحب پسران مرحوم۔
استدعا ہے کہ قطعہ مذکور ہمارے نام منتقل کرنے اور رقم ہمیں ادا کئے جانے کا فیصلہ صادر فرمائیں۔ اگر کسی وارث وغیرہ کو اس پر کوئی اعتراض ہو تو ۳۰ یوم تک اطلاع دی جاوے
(ناظم دارالقضاء ربوہ)

ضرورت ہے

• نظارت ضیافت کو دو چوکیداروں، دو بیلداروں، ایک باورچی اور ایک ڈرائیور کی ضرورت ہے۔ محنت سے کام کرنے والے اور خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے درخواست دیں۔ درخواست اپنے علاقے کے صدر یا امیر صاحب کی تصدیق سے آنی چاہیئے۔
(نظارت ضیافت)

معاونین خصوصی وقف جدید کی دو صفیں

۱۔ صف اول ایک ہزار روپے یا اس سے زائد ادا کرنے والے احباب
۲۔ صف دوم پانچ صد روپے سے ایک ہزار تک ادا کرنے والے احباب
صاحب استطاعت احباب سے مالی جہاد میں قدم آگے بڑھانے کی درخواست ہے۔
(ناظم مال وقف جدید)

صف دوم معلمین کی بارھویں کلاس

ہر جماعت کا ایک یا ایک سے زائد فرد جو کچھ لکھا پڑھا ہو اپنے آپ کو پیش کرے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ کی ہدایات فرمودہ ۲ جنوری ۱۹۷۶ء کی تعمیل میں حسب سابق دفتر وقف جدید پندرہ جنوری ۱۹۸۳ء سے سہ ماہی تربیتی کلاس کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ کلاس تین ماہ جاری رہے گی انشاء اللہ تعالیٰ
اس تحریک کی اولین مخاطب ایسی جماعتیں ہیں جو تربیت کی زیادہ محتاج ہیں۔ وہ اپنے ایک ایک دو دو نمائندے ضرور اس کلاس کے لئے بھجوائیں عمر اور تعلیم کا کوئی خاص معیار نہیں۔ البتہ صحت اچھی ہو اور کچھ لکھنا پڑھنا آتا ہو اور تبلیغ کا خاص شوق اور جذبہ ہو۔
کلاس میں شامل ہونے والے طلباء کی درخواستیں ۳۱ دسمبر ۱۹۸۲ء تک مع کوائف نام مع ولدیت۔ تاریخ بیعت۔ عمر۔ تعلیم دفتر وقف جدید میں پہنچ جانی ضروری ہیں۔ دوران تعلیم قیام و طعام کا انتظام مرکز کرے گا۔ بستر اپنا لانا ہوگا۔ درخواستیں مقامی پریذیڈنٹ کی تصدیق سے آنی چاہئیں۔
(ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

جماعتِ احمدیہ کا نوّے ۹۰ واں جلسہ سالانہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے اعلان کیا جاتا ہے کہ امسال جماعت احمدیہ کا نوّے واں سالانہ جلسہ ۲۶، ۲۷، ۲۸ فتح ۱۳۶۱ ہش (دسمبر ۱۹۸۲ء) بروز اتوار، سوموار، منگل ربوہ میں منعقد ہوگا۔ انشاء اللہ۔

احباب اس بابرکت جلسہ میں شمولیت کے لیے ابھی سے تیاری شروع کردیں۔"

(ناظر اصلاح وارشاد)

حضرت اقدس کا ارشاد دربارہ زکوٰۃ

"اگر میری جماعت میں ایسے احباب ہوں جو ان پر بوجہ املاک واموال وزیورات وغیرہ کے زکوٰۃ فرض ہو تو ان کو سمجھنا چاہیئے کہ اس وقت دینِ اسلام جیسا غریب اور یتیم اور بے کس کوئی بھی نہیں اور زکوٰۃ نہ دینے میں جس قدر تہدید شرع میں وارد ہے وہ بھی ظاہر ہے اور عنقریب ہے جو منکرِ زکوٰۃ کافر ہو جائے۔ پس فرض عین ہے جو اس بارہ میں اعانت اسلام میں زکوٰۃ دی جاوے۔" (نشانِ آسمانی)

حضور اقدس کا ارشاد کسی وضاحت وتشریح کا محتاج نہیں ہے۔ پس صاحب نصاب احباب وخواتین سے گزارش کی جاتی ہے کہ ان پر جس قدر بھی زکوٰۃ واجب الادا ہو اس کی ادائیگی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے نفوس واموال میں غیر معمولی برکت دے۔ (ناظر بیت المال ربوہ)

تم مت سمجھو

حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔

"تم مت سمجھو کہ تبلیغ کے نتیجہ میں بہت کم لوگ سلسلہ میں داخل ہوتے ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تبلیغ کے نتیجہ میں بعض کے نزدیک مکہ میں صرف اسّی اور بعض کے نزدیک تین صد آدمی اسلام میں داخل ہوئے تھے گویا تیرہ سال کی تبلیغ سے ان دونوں میں جو تعداد بھی سمجھ لو اسّی سمجھو یا تین سو سمجھو صرف اتنے لوگ ہی اسلام میں داخل ہوئے لیکن جب وقت آیا تو دو سال کے اندر اندر سارا عرب مسلمان ہوگیا۔ اصل میں یہ چیز بطور امتحان کے ہوتی ہے تبلیغ خدا اس لیے کرواتا ہے تا بعد میں تم خوش ہو کر کہہ سکو کہ ہماری محنت اور ہماری قربانی اور ہماری جدوجہد اور ہماری تبلیغ کے نتیجہ میں دنیا مسلمان ہوئی ہے۔"

(الفضل ۱۷ اکتوبر ۱۹۵۰ء) (ختم اصلاح وارشاد)

الفضل کی اشاعت میں حصہ لیں ؛ مینجر الفضل

دعائے مغفرت

میرے برادر اکبر محترم چوہدری عبدالرحمٰن صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ ضلع ملتان مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۸۲ء کو وفات پاگئے ہیں۔

انا للہ و انا الیہ راجعون

مرحوم عرصہ دو سال سے اپنے صاحبزادگان عزیزان عبدالکریم جنجوعہ و ڈاکٹر عبدالسمیع جنجوعہ کے پاس فلاڈلفیا امریکہ میں مقیم تھے ۹ اکتوبر کو اپنی اہلیہ محترمہ اور اپنے ماموں زاد بھائی چوہدری عبدالمجید صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ کراچی کے ہمراہ وطن واپسی کے لئے روانہ ہوئے کراچی تک سفر بخیر و خوبی طے ہوا۔ کراچی ایئرپورٹ پر پہنچنے کے بعد ملتان کے لئے روانگی کی تیاری کر رہے تھے کہ اچانک دل کا دورہ پڑا اور ایئرپورٹ پر ہی اپنے مالک حقیقی سے جا ملے اگلے روز ان کا جنازہ بذریعہ ہوائی جہاز ملتان پہنچا۔ جہاں پر احباب جماعت نے کثرت سے نماز جنازہ میں شمولیت کی۔ چونکہ مرحوم موصی تھے اس لئے ان کا جنازہ اسی روز بذریعہ ایمبولینس ربوہ پہنچایا گیا۔ جہاں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت ۱۲ اکتوبر کو بعد نماز فجر نماز جنازہ پڑھائی اور اس کے بعد مقبرہ بہشتی میں انہیں دفن کیا گیا۔ تدفین کے بعد مکرم مولوی دوست محمد صاحب شاہد نے دعا فرمائی۔ احباب جماعت سے درخواست ہے کہ مرحوم کی بلندیٔ درجات اور ان کے جملہ لواحقین کو صبر کی توفیق عطا ہونے کے لئے دعا فرمائیں۔

مرحوم بہت سی خوبیوں کے مالک تھے ایک لمبا عرصہ جماعت احمدیہ ضلع ملتان کے امیر رہے اور ان کی مساعی سے ملتان میں دو مسجدیں تعمیر ہوئیں امریکہ کے قیام کے دوران فلاڈلفیا میں مسجد اور مشن ہاؤس کی خریداری کے سلسلہ میں نمایاں کردار ادا کیا جس کی وجہ سے وہ احباب جماعت فلاڈلفیا میں بہت ہر دلعزیز تھے۔

(محمد شریف جنجوعہ۔ لاہور چھاؤنی)

اعلان برائے ڈیوٹی برموقع جلسہ سالانہ خواتین

جلسہ سالانہ قریب آرہا ہے اس پر کام کرنے کے لیے خواتین اور بچیوں کی ضرورت ہے جو ہر دو قیامگاہ اور جلسہ گاہ میں ڈیوٹی دے سکیں قیامگاہوں کی طرف زیادہ نام آرہے ہیں اور جلسہ گاہ کے لیے جہاں کے انتظام کو بہترین بنانا ہمارا فرض ہے کم خواتین توجہ دیتی ہیں ربوہ کی خواتین کے گھروں میں ان دنوں کثرت سے مہمان ٹھہرے ہوتے ہیں اس لیے بیرون از ربوہ شہروں سے سمجھدار منتظم خواتین اور بچیاں اپنے نام پیش کریں ناموں کے ساتھ ولدیت یا زوجیت عمر تعلیم اور یہ بھی کہ پہلے کام کرنے کا تجربہ ہے یا نہیں بھجوائیں اور اپنا پورا پتہ لکھیں تاکہ ڈیوٹی لگانے کے بعد ان کو اطلاع دی جاسکے۔

(صدر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ)

ماہنامہ تشحیذ الاذہان ربوہ

نومبر۔ دسمبر ۱۹۸۲ء

خریداران وایجنٹ صاحبان مطلع رہیں کہ ماہنامہ تشحیذ الاذہان ماہ نومبر۔ دسمبر ۱۹۸۲ء اکٹھا شائع ہو رہا ہے جو انشاء اللہ نومبر ۱۹۸۲ء کے آخری ہفتہ میں خریداران کو بھجوایا جائیگا۔

(مینجر ماہنامہ تشحیذ الاذہان ربوہ)

ضرورت ہے

ہمیں اپنی مشہور دوائی سٹامی کی فروخت کے لیے لاہور میں معقول کمشن پر سیلز مینوں کی ضرورت ہے خواہشمند احباب ہم سے ذاتی طور پر ملیں

دواخانہ مفرح جات

۵۵ فلیمنگ روڈ لاہور عقب لاہور ہوٹل

عمدہ کام نہایت مناسب دام

اپنی قیمتی دستاویزات کی بہترین پرنٹنگ جدید مشین پر

نذیر فوٹو سٹیٹ سروس

نزد پوسٹ آفس گولبازار ربوہ

ربوہ میں کلرڈ فوٹو گرافی

فوٹو ٹائم

سٹوڈیو اینڈ کلر لیبارٹری گولبازار ربوہ

ہر قسم کی معیاری فوٹو گرافی کیلئے خدمت کا موقعہ دیجئے

دوکان نزد پوسٹ آفس ربوہ